سوال

(86) حائضہ عورت کےلیے کتب تفسیر کا مطالعہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حالت جنابت یا حالت حیض میں دینی کتب مثلاً کتب تفسیر وغیرہ کا مطالعہ کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنبی اور حائضہ کےلیے کتب تفسیر اور فقہ، دینی ادب، حدیث اور توحید وغیرہ کی کتابوں کا مطالعہ کرنا جائز ہے۔ ان حالتوں میں قرآن مجید کو بطور تلاوت پڑھنا منع ہے۔ دعا یا استدلال وغیرہ کےلیے پڑھنے کی ممانعت نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص84

محدث فتویٰ